**08.10.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

.............................................................................

1۔ BJP نے ہریانہ میں لگاتار تیسری مدت کیلئے اقتدار برقرار رکھا ہے۔ جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات میں نیشنل کانفرنس-کانگریس اتحاد نے 48 سیٹیں جیت کر اکثریت حاصل کی ہے۔

2۔ ہریانہ میں BJP نے 48 سیٹیں جبکہ کانگریس نے 36 سیٹیں حاصل کی ہیں۔

3۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہریانہ میں BJP کی جیت، ترقی اور اچھی حکمرانی کی جیت ہے۔

4۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی قومی فلم ایوارڈز عطا کئے۔ ممتاز اداکار متھن چکرورتی کو باوقار دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ فلموں کے تنقید کار Deepk Dua کو گولڈن لوٹس ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

5۔ فزکس کے شعبے میں 2024 کا نوبیل انعام John H Hopfield اور Geoffrey E Hindton کو، مشین لرننگ کے اُن کے کام پر دیا گیا ہے۔

6۔ اور ٹیبل ٹینس میں، قزاخستان میں، بھارت، خواتین کے ٹیم مقابلے میں، ایشین ٹیبل ٹینس چمپئن شپ کے سیمی فائنل میں داخل ہوگیا ہے۔ اس نے اب تک کا پہلا تمغہ یقینی بنا لیا ہے۔۔

.............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Counting*

جموں وکشمیر میں، اسمبلی انتخابات کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی مکمل ہوگئی ہے جبکہ ہریانہ میں گنتی کا عمل ابھی جاری ہے۔

تازہ ترین رجحانات اور نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی BJP نے، 90 رکنی ہریانہ قانون ساز اسمبلی میں اکثریت سے بھی زیادہ ووٹ حاصل کئے ہیں۔ BJP نے لگاتار تیسری بار ہریانہ میں جیت حاصل کی ہے، جبکہ جموں وکشمیر میں اگلی حکومت کی تشکیل کیلئے نیشنل کانفرنس اور کانگریس اتحاد اپنی سرکار بنائیں گے۔ کیونکہ انھوں نے 90 رکنی اسمبلی میں 48 سیٹیں حاصل کی ہیں جو آدھی سے بھی زیادہ تعداد ہے۔

ہریانہ سے موصولہ تازہ ترین خبروں کے مطابق ابھی تک 89 سیٹوں کا اعلان کیا جاچکا ہے۔ BJP نے 48 اسمبلی سیٹیں حاصل کی ہیں۔ کانگریس نے 36 سیٹیں حاصل کی ہیں اور وہ روہتک میں سبقت لئے ہوئے ہے۔

انڈین نیشنل لوک دَل کو دو سیٹیں ملی ہیں جبکہ آزاد امیدواروں نے تین اسمبلی حلقوں میں کامیابی حاصل کی ہے۔BJP کے رہنما اور وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے، لَدوا سیٹ سے، 16 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے کامیابی حاصل کی۔ ریاستی وزیر انل وِج نے آزاد امیدوار، Chitra Sarvara کو امبالہ چھاؤنی سے ہرایا ہے۔

کانگریس رہنما اور سابق وزیر اعلیٰ بھوپیندر سنگھ ہُڈا نے، روہتک میں گڑھی سمپلا کِلوئی سیٹ 71 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے جیتی ہے۔ کانگریس سے وابستہ پہلوان ونیش پھوگاٹ نے Julana حلقے سے کامیابی حاصل کی۔

ہریانہ کے سابق نائب وزیر اعلیٰ اور جَن نائک جنتا پارٹی JJP کے رہنما دُشینت چوٹالہ کو، Uchana Kalan حلقے سے شکست ہوئی ہے اور وہ پانچویں نمبر پر آئے ہیں۔ ہریانہ اسمبلی کے سبکدوش ہونے والے اسپیکر گیان چند گپتا نے کانگریس امیدوار چندر موہن کے ہاتھوں شکست کھائی ہے۔ وہ پنچکلہ اسمبلی حلقے سے امیدوار تھے۔90 رکنی ہریانہ اسمبلی کیلئے، پانچ اکتوبر کو ووٹ ڈالے گئے تھے۔

اُدھر جموں وکشمیر میں سبھی 90 سیٹوں کے نتائج آچکے ہیں۔نیشنل کانفرنس نے 42 سیٹیں جیتی ہیں جبکہ اُس کی اتحادی انڈین نیشنل کانگریس کو 6 سیٹیں ملی ہیں۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کو 29 سیٹیں حاصل ہوئی ہیں۔

جموں وکشمیر پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی نے تین سیٹیں جیتی ہیں۔ جموں وکشمیر پیپلز کانفرنس، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا مارکسسٹ اور عام آدمی پارٹی کو ایک-ایک سیٹ حاصل ہوئی ہے۔ آزاد امیدواروں نے یہاں سات سیٹوں پر کامیابی حاصل کی۔سابق وزیر اعلیٰ اور نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبداللہ کو، بڈگام اور گاندربل دونوں حلقوں سے جیت حاصل ہوئی ہے۔ کانگریس کے پیرزاد محمد سید کو اننت ناگ حلقے سے کامیابی ملی ہے۔

نیشنل کانگریس کے عبدالمجید بھٹ نے اننت ناگ ویسٹ سے جیت حاصل کی ہے۔ جموں وکشمیر پیپلز کانفرنس کے سجاد غنی لون کو ہندواڑہ سے کامیابی ملی ہے۔ CPIM کے محمد یوسف تاریگامی نے کُلگام اسمبلی حلقے سے جیت حاصل کی ہے۔PDP رہنما التجا مفتی نے جنوبی کشمیر کے بیج بہاڑہ حلقے سے پہلی بار چناؤ لڑا تھا لیکن وہ ہار گئی ہیں۔ وہ PDP سربراہ محبوبہ مفتی کی صاحبزادی ہیں۔

نیشنل کانفرنس کے سینئر رہنما ناصر اسلم وانی نے کپواڑہ اسمبلی حلقے سے شکست کھائی ہے۔ PDP کے ممتاز رہنما عبدالرحمٰن بھٹ کو اننت ناگ ایسٹ حلقے سے، نیشنل کانفرنس کے ریاض احمد خاں کے ہاتھوں شکست ہوئی ہے۔ BJP کے ریاستی صدر رَوِندر رینا کو، نوشیرا حلقے سے شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ جموں وکشمیر میں 90 حلقوں کیلئے پولنگ تین مرحلوں میں 18 اور 25 ستمبر اور اِس مہینے کی پہلی تاریخ کو کرائی گئی تھی۔x

### ***Rev PM BJP HQ***

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہریانہ اسمبلی انتخابات میں BJP نے لگاتار تیسری بار کامیابی حاصل کی ہے۔ نئی دلّی میں BJP صدر دفتر میں پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ گیتا کی سرزمین پر سچائی، ترقی، اچھی حکمرانی نے جیت حاصل کی ہے اور سبھی برادریوں نے BJP کو ووٹ دیا ہے۔

S/B PM Modi -2

جناب مودی نے کہا کہ یہ کامیابی جمہوریت اور آئین کی کامیابی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ہریانہ میں BJP کی کامیابی، پارٹی کارکنوں کی انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ہریانہ کے عوام نے آج تاریخ رقم کی ہے۔

S/B PM Modi

جناب مودی نے ہریانہ اور جموں وکشمیر کے عوام کے تئیں شکریے کا اظہار کیا ہے۔اِس سے پہلے وزیر اعظم نریندر مودی کے، ہریانہ اسمبلی انتخابات میں پارٹی کی کامیابی کے بعد، صدر دفتر پہنچنے پر، BJP کے قومی صدر جگت پرکاش نڈا، وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اُن کا خیر مقدم کیا۔ BJP صدر جگت پرکاش نڈا نے اپنے خطاب میں کہا کہ BJP نے ہریانہ میں تیسری مدت کیلئے کامیابی حاصل کی ہے اور جموں وکشمیر میں بھی اُس کے ووٹوں کے تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔

S/B JP Nadda

## BJP Reax

مرکزی وزیر اور ہریانہ کے سابق وزیر اعلیٰ منوہر لال کھٹر نے کہا ہے کہ لوگوں نے کانگریس پارٹی کو مسترد کردیا ہے۔ انھوں نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ عوام نے یہ پیغام دیا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی پالیسیوں کا، ریاست کے عوام پر ایک مثبت اثر پڑا ہے۔ جناب کھٹر نے کہا کہ ہریانہ میں یہ ایک ریکارڈ ہے کہ کوئی پارٹی، لگاتار تیسری بار اقتدار میں آئی ہے۔بی جے پی کے جنرل سکریٹری ارُن سنگھ نے اعتماد ظاہر کیا کہ BJP، ہریانہ میں تیسری بار حکومت تشکیل دے گی جیسا کہ انتخابات کے رجحانات، اُس کے حق میں آرہے ہیں۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عوام نے ریاست میں BJP کی طرف سے کئے گئے ترقیاتی کاموں پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔x

## Pol Reax J&K

جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات میں زبردست کامیابی کے بعد نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ عوام نے BJP اور اُس کی ساتھی پارٹیوں کی سیاست کو مسترد کردیا ہے اور امید اور خوشحالی کو ووٹ دیا ہے۔

گاندربل سے جیتنے والے امیدوار کا سٹیفکیٹ حاصل کرنے کے بعد جناب عبداللہ نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی پارٹی کی اتحادی پارٹیوں کے ساتھ میٹنگ کریں گے اور اگلے کچھ دن میں مستقبل کا لائحۂ عمل طے کریں گے۔

S/B Omar Abdullah

نیشنل کانفرنس کے صدر فاروق عبداللہ نے سری نگر میں اعلان کیا کہ عمر عبداللہ نئی اتحادی سرکار کے وزیر اعلیٰ ہوں گے۔ دوسری طرف محبوبہ مفتی نے، جو PDP کی صدر ہیں، اپنی ہار تسلیم کرلی ہے اور کہا ہے کہ اگرچہ عوام کا یہ

فیصلہ اُن کے حق میں نہیں ہے لیکن اُن کی پارٹی، اپوزیشن کی ذمے داریاں نبھائے گی۔ انھوں نے کہا کہ سری نگر میں جموں وکشمیر کے عوام نے ایک مستحکم سرکار کے حق میں ووٹ دیا ہے اور انھوں نے، نیشنل کانفرنس اور کانگریس اتحاد پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔x

## Rev. National Film Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں سال 2022 کے، 70ویں قومی فلم ایوارڈس عطا کئے۔

اِس موقع پر ممتاز اداکار متھن چکرورتی کو، سنیما کے میدان میں اعلیٰ ترین، دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے نوازا گیا۔اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے بھی تقریب میں شرکت کی۔

صدر جمہوریہ نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے متھن چکرورتی کو یہ ایوارڈ حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔ صدر جمہوریہ نے فلم صنعت میں جناب چکرورتی کی طرف سے کئے گئے تعاون کا خاص طور پر ذکر کیا اور تعریف کی۔ صدر جمہوریہ نے ایوارڈ یافتہ فلموں کو یہ کہتے ہوئے سراہا کہ اِن فلموں سے سماج میں ایک مثبت تبدیلی آئے گی۔

S/B 2100 Prez Films and Society

اِس موقع پر جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت ایک سہ رُخی فلم صنعت تیار کرنے کیلئے کام کر رہی ہے جو صلاحیت کو فروغ دینے، بنیادی ڈھانچے اور سہولت آمیزی پر مبنی ہو۔انھوں نے کہا کہ آج جن فلموں کو ایوارڈ دیئے گئے ہیں وہ فلمیں عالمی وبا کے دوران شروع کی گئی تھیں اور اِن سے ہمارے سماج اور ملک کے صبر وتحمل کا اظہار ہوتا ہے۔

تخلیق کاروں کے قومی ایوارڈ شروع کئے جانے کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ NDA حکومت، اپنی تاریخی تیسری مدت میں اِس تخلیقی معیشت کو ایک جہت فراہم کرنے کی پابند ہے۔

اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ سال 2022 کیلئے وزارت کو، فیچر فلم زمرے میں 32 مختلف زبانوں میں 309 فلموں کی درخواستیں موصول ہوئی تھیں اور غیر فیچر زمرے میں 17 زبانوں میں 128 فلموں کی درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔

سورج بڑجاتیہ کو اُن کی فلم 'اونچائی' کیلئے بہترین ڈائریکٹر کا ایوارڈ دیا گیا ہے۔فیچر فلم کے زمرے میں بہترین ہندی فلم کا ایوارڈ 'گل مُہر'' کو دیا گیا ہے۔ فلمساز کرن جوہر کو فلم Brahmastra Part-1 کیلئے AVGC میں بہترین فلم کا ایوارڈ دیا گیا ہے۔موسیقی کے زمرے میں اَری جیت سنگھ کو بہترین مرد پلے بیک سنگر اور بامبے جے شری کو بہترین خاتون پلے بیک سنگر کے ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔x

## PM AIr Force Day

آج بھارتی فضائیہ کا یومِ تاسیس منایا گیا۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے اس موقع پر بھارتیہ فضائیہ کو مبارکباد دی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ فضائیہ کو اُس کے حوصلے و پیشہ ورانہ مہارت اور ملک کو تحفظ فراہم کرنے میں اس کے رول کیلئے سراہا جاتا ہے، جو انتہائی قابلِ ستائش ہے۔

بھارتیہ فضائیہ کا 92 واں یومِ تاسیس کی یہ تقریب پہلی مرتبہ چنئی کے نزدیک Tambaram فضائیہ اسٹیشن پر

منعقد کی گئی۔دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان نے اس موقع پر پرچم لہرایا۔ فضائیہ کے عملے کے سربراہ جناب A.P. سنگھ نے پریڈ کا معائنہ کیا اور اس سال فضائیہ کے یونٹوں کی امتیازی کارکردگی کے اعتراف میں توصیف نامے اور اعزازات عطا کئے۔ x

## Rajnath German Defence Minister

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج جرمن وفاق کے وزیر دفاع بورِس پسٹوریس سے ٹیلیفون پر بات کی۔
سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے بتایا کہ ٹیلیفون پر دونوں رہنماؤں نے دفاعی صنعتی تعاون اور لچکدار سپلائی چین کو مستحکم کرنے کے طریقوں پر بات چیت کی۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ انھوں نے فضائی اور بحری مشقوں سمیت جاری دفاعی تعلقات کی سرگرمیوں پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ جناب سنگھ نے بتایا کہ دونوں رہنماؤں نے مستقبل قریب میں ملاقات کا بھی منصوبہ بنایا ہے تاکہ دفاعی مصروفیات اور دفاع کو بھارت- جرمنی دو طرفہ تعلقات کے کلیدی ستون کے طور پر تبدیل کرنے والے مشترکہ پروجیکٹوں کو ٹھوس شکل دی جاسکے۔ x

## Atal Pension Yojana

پنشن فنڈ انضباطی اور ترقیاتی اتھارٹی کے ذریعے آج جاری کئے گئے اعداد و شمار کے مطابق موجودہ مالی سال میں اب تک 56 لاکھ سے زیادہ لوگوں کے اٹل پنشن یوجنا (APY) میں اندراج کرانے کے ساتھ ہی اس میں شامل ہونے والوں کی مجموعی تعداد 7 کروڑ سے تجاوز کر گئی ہے۔ سماجی سیکیورٹی کی یہ اسکیم، اس میں جمع کرائی گئی رقم کی بنیاد پر ایک ہزار روپے سے پانچ ہزار روپے تک کی کم از کم پنشن کی گارنٹی دیتی ہے۔ اس اسکیم کا آغاز 2015 میں سبھی بھارتیوں بالخصوص غیرمنظّم شعبے میں کام کرنے والے ورکروں کے لئے ایک یکساں سماجی سیکیورٹی نظام تشکیل کرنے کے مقصد سے کیا گیا تھا۔ x

## PM Paswan Deathanniversry

آج وزیر اعظم نریندر مودی نے سابق رہنما رام ولاس پاسوان کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ جناب پاسوان ایک منفرد رہنما تھے، جنھوں نے غریبوں کو با اختیار بنانے اور ایک مضبوط اور ترقی یافتہ بھارت بنانے کیلئے مکمل طور پر خود کو وقف کیا ہوا تھا۔
آنجہانی پاسوان کو بھارت کا سب سے قدر آور لیڈر قرار دیتے ہوئے جناب مودی نے ان کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملنے کیلئے تشکر کا اظہار کیا اور کہا کہ کئی معاملوں پر انھیں جناب پاسوان کی بصیرت انگیزی یاد آتی ہے۔

## Rev Nobel Prize Physics

سال 2024 کا طبعیات کا نوبیل انعام John H. Hopfield اور Geoffrey E. Hinton کو دیا گیا۔
یہ انعام اُنھیں اُن کی بنیادی دریافتوں اور اختراع میں تحقیق پر دیا جائے گا، جس سے مصنوعی اعصابی جال کے ذریعے

مشین لرننگ ممکن ہوسکی ہے۔ دونوں انعام یافتگان نے طبعیات کے طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے موجودہ مشین لرننگ طریقۂ کار کی بنیاد رکھی۔ John Hopfield نے Associative Memory تشکیل دی، جو ڈیٹا کے مختلف Patterns اور تصویروں کو دوبارہ بنانے اور اُنھیں محفوظ کرنے کے قابل بناتی ہے۔وہیں Geoffrey Hinton نے ایسا طریقۂ کار ایجاد کیا جو ڈیٹا کی خصوصیات کی از خود پہچان کرتا ہے اور تصویروں کے مخصوص عناصر کی شناخت جیسے کام انجام دیتا ہے۔

## Table Tennis

ٹیبل ٹینس میں بھارت، قزاخستان میں جاری ایشین ٹیبل ٹینس چمپئن شپ میں خواتین کے ٹیم مقابلوں میں سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ بھارت نے کوارٹر فائنل میں آج جنوبی کوریا کو شکست دی۔ اِس جیت کے ساتھ چمپئن شپ میں بھارتی ٹیم کا پہلا تمغہ یقینی ہوگیا ہے۔ منیکا بترا کی قیادت والی بھارتی ٹیم نے جنوبی کوریا کو ،تین- دو سے ہرایا۔ کل ہونے والے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہوگا۔ جاپان نے کوارٹر فائنل میں سنگاپور کو شکست دی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆